© rasailojaraid.com

# وفیات

## چوہدری خرم شہزادو برادران (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 4 جنوری بروز سوموار چوہدری خرم شہزاد بن محمد شفیع کے چچازاد بھائی چوہدری محمد ارشد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور با اخلاق انسان تھا۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ محمد جاوید صدر کلاتھ مرچنٹ (صائمہ کلاتھ) و شیخ محمد بشارت کو صدمہ

مورخہ 4 جنوری بروز سوموار شیخ محمد جاوید صدر کلاتھ مرچنٹ کے بھائی شیخ محمد بشارت کی بیٹی کی ساس محترمہ کینیڈا میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## زاہد محمود و شاہد محمود (زاہد سینٹری) کو صدمہ

مورخہ 6 جنوری بروز بدھ زاہد محمود و شاہد محمود کی پھوپھی زاد بہن بلال ٹاؤن میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور انتہائی نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے بلال ٹاؤن میں پڑھائی۔

## رضاء الرحمٰن قریشی کو صدمہ

مورخہ 14 جنوری بروز جمعرات چوک اہل حدیث کے مستقل نمازی اور انتہائی مخلص بزرگ رضاء الرحمٰن قریشی کی بھابھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## مولانا خالد محمود مدرس جامعہ علوم اثریہ کو صدمہ

مورخہ 17 جنوری بروز اتوار مولانا خالد محمود مدرس جامعہ علوم اثریہ کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ گجرات میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی جس میں ان کے اعزہ واقربا کے علاوہ جامعہ سے مولانا محمد عبداللہ، مولانا سیف اللہ اور قاری غلام رسول نے شرکت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## عامر عبدالحکیم، عدنان وعلی زیب کو صدمہ

مورخہ 20 جنوری بروز بدھ عامر عبدالحکیم کے ماموں اور عدنان وعلی زیب کے نانا جان محمد زکریا وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد السلوی کے مستقل نمازی اور انتہائی پرہیز گار و با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مدینہ ٹاؤن میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## سید حسن شیراز و سید شاہ رخ (ڈھوک ساہی۔دینہ) کو صدمہ

مورخہ 30 جنوری بروز ہفتہ سید حسن شیراز و سید شاہ رخ کے والد محترم سید شمس الزماں طویل علالت کے بعد ڈھوک ساہی تحصیل دینہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم اس علاقہ میں مسلک اہل حدیث کے انتہائی مخلص کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ کتاب وسنت کے داعی اور دینی تڑپ رکھنے والے انسان تھے۔ شدید بیماری کے باوجود صوم وصلوٰۃ کی پابندی کی اور صبر وشکر کا دامن نہ چھوڑا۔ یہی وجہ ہے کہ موت کے وقت اللہ نے ان کی زبان پر کلمہ ”لا الہ الا اللہ“ جاری کر دیا۔ مرحوم کی وصیت کے مطابق رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ان کی نماز جنازہ ڈھوک صوبیدار میں پڑھائی۔

## چوہدری احتشام الحق و قاضی تصور احمد (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

کوٹلہ آئمہ کے انتہائی مخلص ساتھی جناب احتشام الحق پسوال کی قریبی رشتہ دار اور قاضی تصور احمد کی والدہ محترمہ انگلینڈ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مورخہ 31 جنوری بروز اتوار مرحومہ کی وصیت کے مطابق نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کوٹلہ آئمہ میں پڑھائی۔

## محمد ارشد و عبدالستار (محلہ خواجگان جہلم) کو صدمہ

محمد ارشد کے بھائی اور عبدالستار کے چچازاد بھائی محمد اشرف انگلینڈ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مورخہ 2 فروری بروز منگل مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں پڑھائی۔

## سیٹھی محمد ارشد، شیخ وقاص جمیل و شیخ محمد جمیل (شالی محلہ) کو صدمہ

مورخہ 11 فروری بروز جمعرات سیٹھی محمد ارشد کے انتہائی قریبی عزیز شیخ وقاص جمیل کا نومولود بیٹا اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شیخ محمد جمیل کا پوتا وفات پا گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد ایوب مغل و محمد یعقوب مغل (مغل انجینئرنگ ورکس اُثر یہ روڈ جہلم) کو صدمہ

مورخہ 13 فروری بروز ہفتہ محمد ایوب مغل اور محمد یعقوب مغل کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحوم کی نماز جنازہ روہتاس روڈ محلہ قیصر آباد میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ اسجد عبداللہ، شیخ عثمان اسجد و شیخ اظہر جاوید (ڈھوک جمعہ) کو صدمہ

مورخہ 12 فروری بروز جمعہ شیخ اسجد عبداللہ کے برادران لاء، شیخ عثمان اسجد کے ماموں اور شیخ اظہر جاوید کے چچازاد بھائی شیخ محمد اسحاق ڈھوک جمعہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ سیٹھی محمد ارشد نے پڑھائی۔

## خواجہ عامر خورشید، خواجہ عمران خورشید و خواجہ ارشد محمود (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 14 فروری بروز اتوار خواجہ عامر خورشید، خواجہ عمران خورشید کے والد اور خواجہ ارشد محمود کے چچازاد بھائی خورشید احمد نقشہ نویس وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم جامع مسجد العزیز اہل حدیث کے نماز جمعہ کے مستقل نمازی اور انتہائی نیک و با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## حاجی اختر حسین یوسفی، صدیق احمد یوسفی، قیصر مجید و ندیم اختر (بوبی چاندی ہاؤس) کو صدمہ

مورخہ 20 فروری بروز ہفتہ حاجی اختر حسین یوسفی، صدیق احمد یوسفی کی بھاوج اور قیصر مجید و ندیم اختر (بوبی چاندی ہاؤس) کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. جب تک صحت رہی مرحومہ چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے علاوہ دینی پروگراموں میں بھرپور شرکت کرتیں، جامعہ کے ساتھ ازحد محبت رکھنے والی اور انتہائی صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)



© rasailojaraid.com